# حیسکو پریس ریلیز مورخہ 07 جنوری 2022

## جان ہے تو جہان ہے، انسانی جان بہت قیمتی ہے، چاہے وہ حیسکو ملازم یا عوام کی کیوں نہ ہو۔ اس لیئے حادثات کو مکمل ختم کرنے کیلیئے سال 2022 کو پوری حیسکو ریجن میں سیفٹی (حفاظتی تدابیر پر مکمل عمل کرنے) کے سال کے طور پر منانے کیلیئے سیفٹی کے تمام حفاظتی قوانین پر مکمل عملدرآمد کریں گے۔ حیسکو انتظامیہ اور CBA کا اجلاس میں مشترکہ عزم، اور "SAFETY FIRST IS ALWAYS SAFETY، سب سے پہلے حفاظت تو ہمیشہ کیلیئے حفاظت" کہ نعرے کے ساتھ ہمیشہ تکنیکی عملہ فیلڈ میں کام کرے گا۔ احتیاط برتیئے حادثات سے محفوظ رہیئے

## فیلڈ میں مکمل T&P اور PPE کے استعال پر لازمی عملدرآمد کروائیں تا کہ کسی بھی ممکنہ جانی و مالی حادثہ سے بچا جا سکے۔ حیسکو چیف نور احمد سومرو کی اجلاس میں موجود تمام افسران اور CBA کے عہدیدارن کو ہدایات

حیدرآباد (         ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو انتظامیہ اور CBA کے درمیان حیسکو کانفرنس ہال میں ایک اجلاس منعقد کیا گیا، جس میں حیسکو انتظامیہ اور CBA نے یہ مشترکہ عزم کیا کہ بجلی سے ہونے والے حادثات کی روک تھام کی اشد ضرورت ہے، اسی لیئے سال 2022 کو سیفٹی کا سال کے طور پر منانے کیلیئے پورے حیسکو ریجن میں فیلڈ میں کام کرنے والے تمام ملازمین کام کرنے سے پہلے لازمی طور پر حفاظتی تدابیروں پر مکمل عمل پیرا ہو کر T&P اور PPE کے ساتھ کام کرینگے۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو  تمام افسران اور CBA کے عہدیداران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ (Safety first is always safety، سب سے پہلے حفاظت تو ہمیشہ کیلیئے حفاظت) کے نعرے کے ساتھ ہی ہمیشہ تکنیکی عملے فیلڈ میں کام کرینگے، احتیاط برتیئے تا کہ خود بھی حادثات سے محفوظ رہیں اور دوسروں کو بھی محفوظ رکھیں، کیونکہ جان ہے تو جہان ہے، چاہی وحیسکو ملازم یا عوام کی کیونکہ ہو، انسانی جان بہت قیمتی ہے اس کا نعم البدل کوئی نہیں۔ اسی لیئے مکمل حفاظتی تدابیروں پر لازمی عملدرآمد کروائیں، تا کہ کسی بھی ممکنہ جانی و مالی حادثہ سے بچا جا سکے۔ اجلاس میں حیسکو چیف کے علاوہ جنرل مینجر ٹیکنیکل گل منیر سرہیو، ڈائریکٹر جنرل لیگل ستار بخش سومرو، چیف آپریٹنگ آفیسر عبدالرحیم سومرو، چیف انجنیئر پلاننگ فاروق رشید، چیف کمرشل آفیسر سرفراز احمد خان، چیف انجنیئر PMU طارق باجاری، P.D کنسٹرکشن جاوید اسحاق ابڑو، ڈائریکٹر CM&O فیض محمد ڈوکی، S.E حیدرآباد سرکل نثار احمد میمن، مینجر MM روشن علی اوٹھو، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل لاڑ سرکل گلزار احمد دستی، ڈپٹی ڈائریکٹر سیفٹی مشتاق احمد دایو، DCM لاڑ سرکل فرید احمد میمن و دیگر افسران موجود تھے، جبکہ CBA کے جانب سے قائد مزدور عبداللطیف نظامانی، اقبال احمد خان، محمد اعظم، ملک روشن، سراج بیگ، گل نظامانی، الھورایو بھنبھرو، سجاد حنیف و دیگر عہدیدارن بھی موجود تھے۔